# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INFORMATION AND BROADCASTING ON THE ASSOCIATED PRESS OF PAKISTAN CORPORATION (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairman of the Standing Committee on Information and Broadcasting, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002), [The Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Bill, 2025] (Government Bill), referred to the Committee on 14th November, 2025.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| (1) | **Mr. Pullain Baloch** | **Chairman** |
| (2) | Mr. Saad Waseem | Member |
| (3) | Mr. Nadeem Abbas | Member |
| (4) | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| (5) | Ms. Asia Naz Tanoli | Member |
| (6) | Ms. Romina Khurshid Alam | Member |
| (7) | Ms. Kiran Haider | Member |
| (8) | Ms. Shaheen | Member |
| (9) | Syed Abdul Kadir Gilani | Member |
| (10) | Mr. Salahuddin Junejo | Member |
| (11) | Ms. Mehtab Akbar Rashdi | Member |
| (12) | Ms. Sehar Kamran | Member |
| (13) | Syed Amin Ul Haque | Member |
| (14) | Ms. Rana Ansar | Member |
| (15) | Mr. Asif Khan | Member |
| (16) | Mr. Muhammad Miqdad Ali Khan | Member |
| (17) | Mr. Umar Farooq | Member |
| (18) | Mr. Waqas Akram | Member |
| (19) | Mr. Muhammad Moazzam Ali Khan | Member |
| (20) | Molana Abdul Ghafoor Haideri | Member |
| (21) | Mr. Attaullah Tarar<br>Minister for Information and Broadcasting | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **Annex-A**; in its meeting held on 22nd December, 2025 and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

| | |
|---|---|
| **Sd/-** | **Sd/-** |
| **(SAEED AHMAD MAITLA)** | **(PULLAIN BALOCH)** |
| Acting Secretary | Chairman |
| Islamabad, 6th January, 2026 | |

**Annex-A**

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

BILL

*To amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Associated Press of Pakistan Corporation (Amendment) Act, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Ordinance No. LXXX of 2002** — In the Associated Press of Pakistan Corporation Ordinance, 2002 (LXXX of 2002), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 2,-

(a) After clause (d), the following new clause shall be inserted, namely:-

"(da) "division concerned" means the ministry or, as the case may be, the division to which business of the corporation stands allocated;

(b) clause (e) shall be omitted;

(c) After clause (g), the following new clause shall be inserted, namely:-

"(ga) "Minister" means Ministry-in-Charge of the division concerned;" ;

3. **Amendment of section 5, Ordinance No. LXXX of 2002** -- In the said Ordinance, in section 5, in clause (h), for the words "Federal Government", the word "division concerned" shall be substituted.

4. **Amendment of section 7, Ordinance No. LXXX of 2002** -- In the said Ordinance, in section 7, in sub-section (1), in clause (j), for the words "Federal Government", the word "Prime Minister" shall be substituted.

5. **Amendment of section 8, Ordinance No. LXXX of 2002** -- In the said Ordinance, in section 8, in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "as may be prescribed" shall be substituted.

6. **Amendment of section 10, Ordinance No. LXXX of 2002** -- In the said Ordinance, in section 10, for the words "Federal Government" wherever occurring, the word "Prime Minister" shall be substituted.

*********

**Subject:** **STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Associated Press of Pakistan Corporation (APPC), working under the administrative control of Ministry of Information and Broadcasting, and is governed by the APP Ordinance, 2002, to function as the State News Agency.

2. In the light of Supreme Court's decision in Mustafa Impex Case, the Federal Cabinet, in Case No. 419/19/2017, dated 08-09-2017, directed that all Ministries/Divisions, in consultation with the Law and Justice Division, shall make amendments in respective Acts/Ordinances/Rules and replace the words "Federal Government" with appropriate authority(ies). The Federal Cabinet reiterated its earlier directions in Cases No. 241/15/2018, dated 12-04-2018 and No. 64/05/2022, dated 15-02-2022, so that Cabinet is not further burdened with routine cases.

3. In compliance with the directions of the Federal Cabinet, issued in Case No. 147/17/2025, dated 16.07.2025, the process to replace the words "Federal Government" with appropriate authorities in APP Ordinance, 2002, was re-initiated and subsequently the draft APP(Amendment) Act, 2025 was approved and ratified by CCLC and Federal Cabinet respectively.

**(Atta Ullah Tarar)**
Minister for Information & Broadcasting

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات ۱۴ نومبر، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن آرڈیننس ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ بابت ۲۰۰۲ء) مزید ترمیم کرنے کے بل [ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب پھلین بلوچ | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب سعد وسیم | رکن |
| ۳۔ | جناب ندیم عباس | رکن |
| ۴۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۵۔ | محترمہ آسیہ ناز تنولی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ روبینہ خورشید عالم | رکن |
| ۷۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۸۔ | محترمہ شاہین | رکن |
| ۹۔ | سید عبدالقادر گیلانی | رکن |
| ۱۰۔ | جناب صلاح الدین جونیجو | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ مہتاب اکبر راشدی | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ سحر کامران | رکن |
| ۱۳۔ | سید امین الحق | رکن |
| ۱۴۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۵۔ | جناب آصف خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد مقداد علی خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عمر فاروق | رکن |
| ۱۸۔ | جناب وقاص اکرم | رکن |
| ۱۹۔ | جناب محمد معظم علی خان | رکن |
| ۲۰۔ | مولانا عبدالغفور حیدری | رکن |
| ۲۱۔ | جناب عطاءاللہ تارڑ<br>وزیر برائے اطلاعات و نشریات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۲ دسمبر، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

(سعید احمد میتلا)
قائم مقام سیکرٹری

(پھلین بلوچ)
چیئرمین

اسلام آباد، ۶ جنوری، ۲۰۲۶ء

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء) میں، جس کا حوالہ بعدازیں مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (د) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(د الف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے وزارت یا، جیسی بھی صورت ہو، ڈویژن جسے کارپوریشن کا کاروبار تفویض کیا جائے مراد ہے؛

(ب) شق (ہ) کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (ز) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ز الف) ''وزیر'' سے متعلقہ ڈویژن کا وزیر انچارج مراد ہے؛''؛

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ ۵ میں، شق (ح) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' لفظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

**۴۔ آرڈیننس نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی ، دفعہ ۷ کی ، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (ی)، میں الفاظ ''وفاقی حکومت'' لفظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

**۵۔ آرڈیننس نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۴) میں الفاظ ''وفاقی حکومت'' الفاظ ''جیسا کہ مقررہ ہو'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

**۶۔ آرڈیننس نمبر ۸۰ مجریہ ۲۰۰۲ء کی، دفعہ ۱۰ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی ، دفعہ ۱۰ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' جہاں کہیں بھی آرہے ہوں، لفظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

## بیانِ اغراض و وجوہ

ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کارپوریشن (اے پی پی سی)، وزارت اطلاعات ونشریات کے انتظامی کنٹرول کے تحت کام کرتی ہے، اور ریاستی خبر رساں ایجنسی کے طور پر کام کرنے کے لیے اے پی پی آرڈیننس ۲۰۰۲ء کے تحت چلائی جاتی ہے۔

۲۔ مصطفیٰ امپیکس کیس میں عدالت عظمیٰ کے فیصلے کی روشنی میں، وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۱۷ء/۱۹/۴۱۹ مورخہ ۲۰۱۷-۰۹-۰۸ میں ہدایت کی ہے کہ تمام وزارتیں/ڈویژنز، قانون و انصاف ڈویژن کے ساتھ مشاورت سے، متعلقہ ایکٹس/آرڈیننسز/قواعد میں ترامیم وضع کریں اور الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو مناسب اتھارٹیز سے تبدیل کریں۔ وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۱۸ء/۱۵/۲۴۱، مورخہ ۲۰۱۸-۰۴-۱۲ اور نمبر ۲۰۲۲ء/۰۵/۶۴، مورخہ ۲۰۲۲-۰۲-۱۵ میں اپنی سابقہ ہدایات کا اعادہ کیا تاکہ کابینہ پر معمول کے مقدمات کا مزید بوجھ نہ پڑے۔

۳۔ وفاقی کابینہ نے کیس نمبر ۲۰۲۵ء/۱۷/۱۴۷، مورخہ ۲۰۲۵ء-۰۷-۱۶ میں جاری کردہ، ہدایات کی تعمیل میں اے پی پی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو مناسب اتھارٹیز سے تبدیل کرنے کے عمل کا، دوبارہ آغاز کیا اور بعد ازاں اے پی پی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے مسودے کی منظوری دی اور سی سی ایل سی اور وفاقی کابینہ نے بالترتیب توثیق کی۔

(عطاء اللہ تارڑ)

وزیر برائے اطلاعات ونشریات